© rasailojaraid.com



تشریف لایا تھا۔اس کے علاوہ جرمن سکالراور معروف صحافی بھی دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویولیا۔ان حضرات کے علاوہ دوخواتین بھی جومختلف اسلامی موضوعات پر پی۔ایچ۔ڈی کررہی ہیں انہوں نے بھی اپنے تھیسز کے سلسلے میں دارالعلوم کادورہ کیااور تفصیلی انٹرویولیا۔

الجزیرہ ٹی وی چینل کے ڈائریکٹر کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ دنوں معروف عربی انگلش الجزیرہ ٹی وی چینل کے ڈائریکٹر' پروڈیوسر فلریس دارالعلوم تشریف لائے۔آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا دورہ کیااوراس میں اپنی گہری دلچسپی ظاہر کی۔اس موقع پر آپ نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملکی اور عالمی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔

## نائب مہتمم کی وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس میں شرکت:

۱۸۔۱۹رجون ۲۰۰۸ بروز بدھ' جمعرات وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تین اہم اجلاس جس میں وفاق المدارس کے رکن عاملہ مرکزی وڈپٹی سیکرٹری جنرل حضرت مولانا محمد انوارالحق مدظلہ نے شرکت کی۔۱۸رجون کو صبح پورے ملک کے مسؤلین حضرات اورظہر کے بعد امتحانی کمیٹی کے اجلاس بھی زیر صدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان منعقد ہوا۔جس میں امتحانی اموئ مدارس کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات اور سازشوں کا جائزہ اس نازک ترین دور میں مدارس کے کردار کے بارہ میں اہم فیصلے کئے گئے۔

## دارالعلوم کا ماہانہ جائزہ:

دارالعلوم کا ماہانہ جائزہ (امتحانی ٹسٹ) ۵رجون ۲۰۰۸ء کو منعقد ہوا۔جس میں دارالعلوم کے درجہ سادسہ تک کے تمام درجات کے طلباء نے شرکت کی۔سخت امتحانی ڈسپلن میں یہ ٹسٹ دارالعلوم کے مختلف ہالوں میں لیا گیا۔ دارالعلوم میں اس قسم کے ماہانہ امتحانی ٹسٹ گزشتہ کئی برسوں سے تسلسل کے ساتھ لئے جارہے ہیں اوراس کے نہایت ہی مفید نتائج سامنے آرہے ہیں۔

## دارالعلوم کے نئے کمپیوٹر سیکشن کا آغاز:

الحمدللہ دارالعلوم دن بدن اعلیٰ تعلیم وترقی کے مراحل طے گزررہا ہے۔شعبہ تخصص کے طلباء کرام کے لئے نئی کمپیوٹر کلاسیں بھی باقاعدگی سے شروع ہوگئی ہیں۔جس میں نئے جدید ترین کمپیوٹرز رکھے گئے ہیں۔الحمدللہ یہ دورِجدید کی تمام نئی سہولیات سے آراستہ وپیراستہ کمپیوٹر لیب ہے۔یادرہے کہ اس سے قبل بھی دارالعلوم میں گزشتہ بارہ تیرہ برس سے قائم کمپیوٹر کلاسیں باقاعدگی سے جاری ہیں اوران میں چھوٹے درجات کے طلباء کرام ذوق وشوق سے باقاعدگی کے ساتھ کمپیوٹر کی تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

© rasailojaraid.com